# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ یونس، سائرہ ابراہیم، رومانہ حُسین

کلاس 4 کے لئے



## ٹیچر کیلئے تیاری

- یہ گائیڈ کلاس 4 کے بچوں کے لئے تیار کی گئی ہے لیکن بچوں کے تعلیمی معیار کے مطابق دوسری کلاسوں میں بھی پڑھائی جا سکتی ہے۔ اس گائیڈ میں کتاب کے پڑھانے کے طریقہ کو جس طرح مختلف سیشن میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے۔ کتاب پڑھاتے بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی ترتیب اور مواد ردوبدل کیا جائے۔

## سیشن 1

- کلاس میں کہانی تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائی جائے۔ کہانی اس انداز سے سنائی جائے کہ بچوں کی بھرپور توجہ آپ کی جانب ہو۔ کہانی میں جہاں جہاں ڈرامائی موڑ ہیں وہاں آواز کے اتار چڑھاؤ پر بھرپور توجہ دی جائے۔ کہانی کی اختتام پر بچوں سے پوچھا جائے انہیں کہانی کیسی لگی؟ کہانی میں موجود کون کون سی باتیں انہیں اچھی لگیں؟
کہانی کا مرکزی خیال کیا ہے؟ بچوں سے پوچھا جائے کہ درختوں اور پودوں کی دیکھ بھال کرنا کیوں ضروری ہے؟ جانوروں سے پیار کرنا کیوں ضروری ہے؟

## گھر کا کام

- کہانی رانی اور چمکارا اچھی طرح پڑھیئے۔ مشکل الفاظ پڑھنے کے دوران والدین سے مدد لیجئے۔

## سیشن 2

- کہانی پڑھنے سے پہلے بچوں کو تاکید کی جائے کہ وہ بھی کہانی اسی انداز سے پڑھ کر سنائیں جس طرح کل انہوں نے کلاس میں سنی تھی۔ اس کا مقصد بچوں میں کہانی کو تاثرات کے ساتھ پڑھنے کا رجحان پیدا کرنا ہے۔
اس کے بعد بچوں سے گھوڑوں کی مختلف نسلوں کے بارے میں گفتگو کی جائے اور بچوں کو گھوڑوں کے بارے میں جو بھی معلومات ہوں اس پر بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔

### نوٹ

- ٹیچر کی سہولت کے لئے گائیڈ کے آخری صفحہ پر گھوڑوں کی مختلف نسلوں کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں۔
اس کے بعد بچوں کو درج ذیل معلومات تصویروں کے ساتھ حاصل کرنے کے لئے دی جائیں اور اس کام کے لئے کم از کم پانچ یا چھ دن کا وقت دیا جائے۔
- گھوڑے کی مختلف نسلوں کے بارے میں۔
- گھوڑے دنیا میں کہاں پائے جاتے ہیں؟
- گھوڑوں سے انسان کس طرح فائدہ اٹھاتے ہیں؟
- گھوڑوں کی دیکھ بھال اور عادات۔

درج بالا کام کلاس کو چار یا پانچ حصوں میں تقسیم کر کے ہر حصہ سے صرف ایک سوال کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کو دی جاسکتی ہیں یا پھر تمام سوالات کے بارے میں ہر بچے سے معلومات حاصل کرنے کو کہاجاسکتا ہے۔

## گھر کا کام

- ٹیچر اگلے سیشن کی ورک شیٹ کی کوپیاں بنا کر لائیں۔

# سیشن 3

- آج کلاس میں بچوں کو مشکل الفاظ کے املا کی تیاری کروائیں۔

پہلے ان کو الفاظ توڑ کر دکھائیں تا کہ انہیں معلوم ہو جائے کہ لفظ میں کون سے حروف استعمال ہوئے ہیں۔ پھر ان کو جوڑنے کا طریقہ سکھائیں۔

## ورک شیٹ

مثلاً انتظار...... ان ت ظ ا ر ...... انت ظار ...... انتظار۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تانگے...... | ت ا ن گ ے ...... | تانگ ے...... | تانگے۔ |
| 2 | گھوڑا...... | گ ھ و ڑ ا ...... | گھ وڑا...... | گھوڑا۔ |
| 3 | چمکارا...... | چ م ک ا ر ا ...... | چم کارا...... | چمکارا۔ |
| 4 | پھرتیلا...... | پ ھ ر ت ی ل ا ...... | پھ ر تیہ لا ...... | پھرتیلا۔ |
| 5 | صحت مند ...... | ص ح ت م ن د ...... | صح ت مند۔ | صحت مند |
| 6 | جماعت...... | ج م ا ع ت ...... | ج ما عت ...... | جماعت۔ |
| 7 | طبیعت ...... | ط ب ی ع ت ...... | ط بیہ عت ...... | طبیعت۔ |
| 8 | تعجب...... | ت ع ج ب ...... | تعہ جب ...... | تعجب۔ |
| 9 | مشغلہ ...... | م ش غ ل ہ...... | مشہ غل ہ ...... | مشغلہ۔ |
| 10 | مداخلت ...... | م د ا خ ل ت ...... | مدا خل ت ...... | مداخلت۔ |
| 11 | ہانپتی ...... | ہ ا ن پ ت ی ...... | ہانپت ی ...... | ہانپتی۔ |
| 12 | مینڈک ...... | م ی ن ڈ ک ...... | مین ڈک ...... | مینڈک۔ |
| 13 | ٹرائیں ...... | ٹ ر ا ی ں ...... | ٹرائی ں۔ | ٹرائیں۔ |

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ اب املے کی تیاری گھر سے کر کے آئیں۔

## سیشن 4

- آج کلاس میں بچوں سے املا لیں۔ املے کی اصلاح بچے خود کریں۔
بچے اپنی کوپیاں ایک دوسرے سے تبدیل کریں۔ ٹیچر الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچے ساتھ ساتھ اصلاح کرتے جائیں۔

### نوٹ

- اگلے سیشن کے لئے ٹیچر پہلے سے تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 5

- اس سیشن میں بچوں کو مشکل الفاظ سکھائے جائیں گے۔ چند الفاظ تصویروں کی مدد سے سمجھ میں آتے ہیں اور چند کے لئے ان کا جملے میں استعمال کر کے سمجھانا ضروری ہوتا ہے۔
- تانگہ۔ (تصویر دکھائیں)
- گڑ۔ (ٹیچر بچوں کو گڑ لا کر دکھائیں اور اگر ہو سکے تو سب کو باری باری چکھائیں)۔
- پھرتیلا ۔ تیز۔ چالاک۔ ہوشیار۔
- مالش۔ ملنا۔ رگڑنا۔
- چابک (تصویر یا چابک لا کر دکھایا جاسکتا ہے۔ بچوں سے یہ بھی پوچھا جاسکتا ہے کہ آیا اس کا استعمال جانوروں کے ساتھ زیادتی ہے یا نہیں)۔
- کسر نہ اٹھا رکھی۔ کمی نہ کر رکھی۔
- مداخلت ۔ دخل دینا۔
- مشغلہ۔ تفریحی کھیل۔
- ہانپتی ہوئی۔ جلدی جلدی سانس لیتی ہوئی۔
- تسلی دینا۔ اطمینان دلانا۔
- چرند۔ چرنے والے جانور جیسے بکری، گائے وغیرہ۔
- پچھلی۔ پرانی۔ گزری ہوئی۔

### گھر کا کام

- الفاظ معنی یاد کر کے آئیں۔

## سیشن 6

- بچوں سے زبانی الفاظ کے معنی پوچھیں۔

پھر کلاس میں درج ذیل سوالات پر گفتگو کی جائے۔

- کیا آپ کے گھر میں پودے ہیں؟
- اگر ہیں تو کون کون سے ہیں؟
- آپ کو کون سا پودا پسند ہے؟
- آپ کے گھر میں باغبانی کا شوق کس کو ہے؟
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کو ایسا گھر اچھا لگے گا جو صاف ہو اور پھول پودوں سے بھرا ہو یا ایسا گھر جس میں ان میں سے کسی چیز کا خیال نہ رکھا گیا ہو۔ بچوں سے یہ بھی پوچھیں کہ لوگ لڑتے جھگڑتے اچھے لگتے ہیں یا ایک دوسرے کی مدد کرتے ہوئے اور پیار محبت سے پیش آتے ہوئے۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس دنیا کو پرامن اور خوبصورت بنانے کے لئے کیا کیا جاسکتا ہے۔

## گھر کا کام

- کہانی خوب اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔ اس کے متعلق سوال کئے جائیں گے۔

# سیشن 7

- سوالات کی شروعات کچھ یوں کی جائے۔

پہلے بچوں سے پوچھیں کہ وہ اس کہانی میں کس کردار کی جگہ ہونا پسند کریں گے اور کیوں؟

جو بچے رانی اور چمکارا کی جگہ ہونا پسند کریں گے ان سے پوچھیئے کہ وہ کیوں منجو نہیں بننا چاہتے؟

- اب بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات کوپی میں کروائے جائیں۔
- چمکارا رانی سے کیوں پیار کرتا تھا؟
- آپ کے خیال میں منجو کیسا لڑکا تھا؟ جواب کو وجوہ کے ساتھ تحریر کریں۔
- اگر آپ رانی کی جگہ ہوتے تو کیا منجو کو سمجھاتے یا اس سے لڑتے؟ وجہ لکھیں؟
- کیا آپ کے خیال میں منجو کو سزا ملنی چاہیئے تھی؟ وجہ لکھیں؟
- کیا آپ نے کبھی کسی جانور، درخت، پھول یا کسی بھی جاندار چیز کو تکلیف پہنچائی ہے؟ سچ سچ لکھیں؟
- آپ کو کون سا پودا یا پھول پسند ہے؟ آپ کے گھر میں باغبانی کا شوق کس کو ہے؟
- اس دنیا کو پرامن اور خوبصورت بنانے کے لئے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

## گھر کا کام

- اگر یہ کام کلاس میں مکمل نہ ہو سکے تو گھر سے کر کے لائیں۔

# سیشن 8

- پالتو اور جنگلی جانوروں کا فرق سمجھائیں۔

اس موقع پر بچوں سے سرکس کے بارے میں بھی گفتگو کی جاسکتی ہے۔ بچوں کو بتایا جاسکتا ہے کہ شیر، چیتا، بھالو وغیرہ جو کہ جنگلی جانوروں میں شمار ہوتے ہیں لیکن سرکس میں پالے جاتے ہیں۔ بچوں سے سرکس کے جانوروں کے کرتب کے بارے میں سوالات کئے جاسکتے ہیں۔

- اس کے بعد کلاس میں واحد جمع لکھوائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| گھر | گھر |
| حال | احوال |
| رسی | رسیاں |
| مشغلہ | مشاغل |
| گلی | گلیاں |
| شکایت | شکایات |
| نہر | نہریں |
| تتلی | تتلیاں |
| حرکت | حرکات |
| چڑیا | چڑیاں |
| لمحہ | لمحات |

کم از کم دس پالتو جانوروں کے نام اور دس جنگلی جانوروں کے نام اپنی کوپی میں لکھیں اور جن جانوروں کی تصاویر مل سکیں وہ بھی چپکائیں۔

## نوٹ

- اگلے سیشن کے لئے چارٹ پیپر اور مارکرز کا انتظام کریں۔

# سیشن 9

- آج بچے اساتذہ کی مدد سے گھوڑوں کے متعلق چارٹ بنائیں۔ یہ کام کلاس کو چار حصوں میں تقسیم کر کے کروانا زیادہ مناسب ہوگا۔ چارٹ مکمل کرنے پر کلاس میں لگایا جائے۔

## گھر کا کام

- درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔

پھرتیلا۔ نشانہ۔ خوفزدہ۔ مشغلہ۔ گڑ۔ تسلی۔ حیرت۔ معنی۔ موقع۔ شوق۔

## سیشن 10

- بچوں سے درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھنے کے لئے کہیں۔
- میرا پالتو جانور۔
- اگر دنیا میں صرف انسان ہوتے۔
- مشینی دنیا۔
- اگر میں گھوڑا ہوتا / ہوتی۔
- کراچی اور گھوڑا گاڑیاں۔
- دنیا کی خوبصورتی کیسے بچائیں۔
- ظلم کے شکار جانور۔

## سیشن 11

- اگر ممکن ہو تو کوئی گھوڑا اسکول میں بلوایا جائے۔ کسی کوچوان کو بلا کر گھوڑے کی دیکھ بھال اور پرورش اور اصطبل کے بارے میں بچوں کو بتایا جائے۔ گھوڑا گاڑی کی سیر کروائی جائے اور بچے اس تجربہ کے بارے میں لکھیں۔

## سیشن 12

- اس کہانی کو ڈرامے کی شکل میں پورے اسکول کے سامنے پیش کیا جاسکتا ہے۔

ڈرامے کے بعد سہیل رانا کا گانا ''او تانگے والے'' بھی مل کر گایا جاسکتا ہے۔

## گھوڑے کی مختلف نسلیں

- اس دنیا میں گھوڑوں کی کم و بیش 90 مختلف نسلیں ہیں۔ جن میں چند مشہور نسلوں کے نام درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| عربی گھوڑے | Arabian Horses |
| ایرانی گھوڑے | Persian Horses |
| برمی گھوڑے | Horses from Burma |

| | |
|---|---|
| آسٹریلین پونی | Australian Pony |
| فالا بیلا | Fala Bella |
| ولاڈمر ہیوی ڈراٹ | Vlalimir Draught |

- پالتو گھوڑے مختلف رنگوں میں پائے جاتے ہیں۔ سب سے چھوٹی نسل کا گھوڑا فالا بیلا ہوتا ہے۔ اس کے برعکس دنیا کا سب سے اونچا گھوڑا شاید تقریباً 6 سے 6.5 فٹ تک ہوتا ہے اور وزن تقریباً ایک ٹن (ایک ہزار کلو) ہوتا ہے۔ عام گھوڑوں کی لمبائی تقریباً 4.5 سے 5 فٹ تک ہوتی ہے۔

## گھوڑے دنیا میں کہاں پائے جاتے ہیں

- گھوڑا ان چند جانوروں میں سے ہے جو ساری دنیا میں پائے جاتے ہیں لیکن مشرق وسطیٰ، شمالی اور جنوبی امریکہ اور چین اعلیٰ نسل کے گھوڑوں کے لئے مشہور ہیں۔ ان ممالک کے علاوہ برطانیہ اور آئر لینڈ میں کم و بیش پندرہ مختلف اقسام کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ عربی اور ایرانی نسل کے گھوڑے اپنی تیز رفتاری، مضبوط جسم، بہادری اور خوبصورتی کے لئے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

# رانی اور چمکارا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی

دوسرا ایڈیشن : اپریل 2007

مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk